© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال ۱۴۳۸ھ 2017 کا باقاعدہ آغاز

12/جولائی کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز اجتماعی تقریب سے ہوا، جس میں تمام اساتذہ، منتظمین اور قدیم و جدید طلباء نے شرکت کی۔ افتتاح کے لئے حسب سابق کی طرح امسال بھی حضرت مہتمم صاحب نے ترمذی شریف سے درس کا آغاز فرمایا اور طلباء سے تفصیلی اصلاحی خطاب فرمایا۔ اس کے بعد نائب مہتمم صاحب نے جدید طلباء کو جامعہ کے اصول وضوابط سے روشناس کیا۔

## حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات

16۔17/جولائی کو اسلام آباد پریس کلب کے سامنے دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام شہداء جموں و کشمیر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت حضرت مہتمم صاحب نے فرمائی۔

18 جولائی کو افغانستان کے سفیر عمرضاخیل کی حضرت مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی اور افغانستان میں قیام امن کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا

19/جولائی کو لاہور میں شہداء مسجد مال روڈ پر کانفرنس منعقد کی گئی۔ کشمیری مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی گئی حضرت مہتمم صاحب نے آخر میں تفصیلی خطاب فرمایا۔

## مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن الشیخ ڈاکٹر ایاد الشکری کی دارالعلوم آمد

21/جولائی کو مسجد نبویؐ کے موذن الشیخ المقری ایاد الشکری دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور زیرتعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ میں اذان دی پھر عشاء کی جماعت بھی پڑھائی۔ گردونواح کے ہزاروں لوگوں نے آپکی اقتداء میں نماز پڑھی۔اس کے بعد طلباء وعلماء وعوام الناس سے خطاب فرمایا، حضرت مہتمم صاحب سے انکی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی۔ بعدازاں انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبے بھی دیکھے اور دارالعلوم کے نئے دارالتدریس کا معائنہ بھی خصوصی کیا اور اینٹ بھی نئی تعمیر کے حصہ میں رکھی اور اس کی جلد تکمیل کیلئے خصوصی دعا فرمائی۔ مدیرالحق مولانا راشد الحق صاحب نے بھی اپنے نئے مکان میں موذن صاحب کو دعا و برکت کے لئے مدعو کیا۔ آپ نے مکان میں احادیث مبارکہ قرآن کے حوالے اور آخر میں موثر دعا فرمائی۔

© rasailojaraid.com